# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 06 March-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۶/اپریل ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے امیدواروں کے پرچوں کی جانچ کا عمل مکمل؛8 اپریل امیدواری واپس لینے کی آخری تاریخ۔

☆ عام انتخابات کیلئے نیائے پتر کے نام سے کانگریس کا انتخابی منشور جاری۔

☆ عدلیہ کے شعبے میں خواتین کی بڑھتی تعداد فخر کی بات ہے: چیف جسٹس آف انڈیا چندر چوڑ کا اظہارِ خیال۔

اور۔۔ ☆ چھترپتی سمبھاجی نگر اور پربھنی اضلاع میں رائے دہندگان میں بیداری کی خاطر پروگراموں کا انعقاد۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے امیدواروں کے پرچوں کی جانچ کا کام مکمل ہوگیا ہے۔ اس میں ریاست کے آٹھ حلقوں کے 352 میں سے 299 امیدواروں کی درخواستیں قابلِ قبول پائی گئیں۔ ناندیڑ لوک سبھا حلقے میں 66 اور پربھنی میں 41 امیدواروں کی درخواستوں کی توثیق کی گئی ہے۔ اسی طرح ہنگولی لوک سبھا حلقے میں 48 امیدواروں کی درخواستیں قابلِ قبول پائی گئیں۔ ہنگولی کے ضلع کلکٹر اور الیکشن ریٹرننگ افسر جتندر پاپڑ کر نے بتایا کہ اس حلقے میں وشوناتھ بھالے راؤ اس خواجہ سرا نے آزاد امیدوار کی حیثیت سے پرچہ داخل کیا ہے جسے درست قرار دیا گیا۔ بلڈانہ لوک سبھا حلقے میں 25 ' اکولہ 17 ' امراوتی 56 ' وردھا 26 اور ایوت محل- واشم حلقے کے 20 امیدواروں کے نامزدگی پرچے درست قرار دیئے گئے۔ دوسرے مرحلے میں کاغذاتِ نامزدگی واپس لینے کی آخری تاریخ 8 اپریل ہے، جبکہ رائے دہی 26 اپریل کو ہوگی۔

***** ***** *****

کانگریس پارٹی نے کل عام انتخابات کیلئے اپنا منشور جاری کیا ہے۔ یہ منشور نیائے پتر کے نام سے جاری کیا گیا ہے۔ ان میں پانچ وعدوں اور 25 ضمانتوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ پارٹی نے اس میں نوجوانوں' کسانوں' خواتین اور مزدوروں کیلئے مختلف اعلانات کیے ہیں۔ بے روزگار نوجوانوں کیلئے سالانہ ایک لاکھ روپئے بے روزگاری الاؤنس' غریب خواتین کیلئے سالانہ ایک لاکھ روپئے مالی امداد' کسانوں کو قرض معافی اور فصلوں کی ضمانتی قیمت' مزدوروں کو منریگا اسکیم کے تحت یومیہ کم از کم 400 روپئے اُجرت' سماجی اور معاشی مساوات کی خاطر ذات کی بنیاد پر مردم شماری اور آئینی اداروں کے تحفظ کو منشور میں شامل کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

مرکزی انتخابی کمشنر راجو کمار نے ہدایت دی ہے کہ دیہی اور شہری علاقوں کیلئے رائے دہی میں اضافے کی خاطر علیحدہ ایکشن پلان تیار کیا جائے۔ وہ کل نئی دہلی میں کم رائے دہی والے حلقوں کے ضلع انتخابی افسران اور میونسپل کمشنرز کے ساتھ میٹنگ میں بول رہے تھے۔ اس میٹنگ میں ممبئی' ناگپور' پونے اور تھانے شہروں کے میونسپل کمشنرز نے شرکت کی۔ اس موقع پر کمار نے کہا کہ رائے دہی کیلئے بیداری اس طرح پیدا کی جائے کہ شہریان ووٹ ڈالنے پر فخر محسوس کریں۔

***** ***** *****

انتخابی کمیشن نے لوک سبھا چناؤ کیلئے ہر حلقے میں خواتین کے زیرِ انتظام رائے دہی مراکز قائم کرنے کا حکم دیا ہے۔ اس مرتبہ ریاست میں 660 انتخابی مراکز خواتین کے زیرِ انتظام رہیں گے۔ چھترپتی سمبھاجی نگر اور ناندیڑ اضلاع میں اس طرح کے 20 رائے دہی مراکز بنائے جائیں گے۔ دھاراشیو 16 ' بیڑ' ہنگولی اور لاتور میں 6-6 ' جالنہ پانچ' جبکہ پربھنی ضلع میں چار رائے دہی مراکز کا انتظام خواتین کریں گی۔

***** ***** *****

ممبئی کے چیمبور اور گوونڈی اسمبلی حلقوں کے شیوسینا بالا صاحب ٹھاکرے گروپ کے 200 سے زائد پارٹی عہدیداران کل بھارتیہ جنتا پارٹی میں شامل ہوگئے۔ اس موقع پر تعمیراتِ عامہ کے ریاستی وزیر رویندر چوہان اور ممبئی بی جے پی کے صدر آشیش شیلار موجود تھے۔

***** ***** *****

ریزرو بینک آف انڈیا نے مسلسل ساتویں بار ریپوریٹ یعنی سود کی شرح کو 6.5 فی صد برقرار رکھا ہے۔ RBI کے گورنر شکتی کانت داس نے مالی سال 2024-25 کیلئے پہلی کریڈٹ پالیسی کمیٹی کی میٹنگ میں یہ اطلاع دی۔ اس موقع پر انھوں نے بتایا کہ RBI جلد ہی بینک ڈپازٹ مشینوں میں UPI کا استعمال کرتے ہوئے رقم جمع کرنے کی اجازت دے گا۔ انھوں نے کہا کہ اس سے صارفین کو سہولت ہوگی اور بینک میں رقم کے لین دین کا عمل مزید مؤثر بنے گا۔

***** ***** *****

عدالتِ عظمیٰ کے چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ نے کہا ہے کہ ملک کی عدلیہ میں خواتین کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے اور گذشتہ 10 برسوں میں کئی خواتین وکلاء ہائی کورٹ میں خدمات انجام دے رہی ہیں جو بڑے فخر کی بات ہے۔ چندر چوڑ کل ناگپور میں بامبے ہائی کورٹ کی ناگپور بینچ کی صد سالہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ کسی بھی بار اسوسی ایشن کا کردار عام آدمی کیلئے عدالتی عمل کو آسان بنانا ہونا چاہیے۔ انھوں نے ناگپور بار اسوسی ایشن کے ذریعے چلائے جانے والے مفت عدالتی امداد کے پروگرام ''نیائے دُوت'' کی بھی تعریف کی۔ اس موقع پر سپریم کورٹ کے جسٹس بھوشن گوائی' سابق چیف جسٹس شرد بوبڑے اور ناگپور بینچ کے انتظامی اُمور کے سربراہ جسٹس سامبرے موجود تھے۔

***** ***** *****

مہاراشٹر خدماتِ عامہ کمیشن MPSC نے بتایا ہے کہ سماجی اور تعلیمی طور پر پسماندہ طبقات کیلئے ریزرویشن طئے کرنے کے بعد امتحانات کی نظرِ ثانی شدہ تاریخوں کا اعلان جلد کیا جائے گا۔ ان طبقات کیلئے ریزرویشن ایکٹ 2024 کی دفعات کے مطابق ایسے معاملات میں جہاں 26 فروری 2024 سے پہلے اشتہار شائع کیا گیا ہو یا اشتہار کی اشاعت کے بعد ملازمتوں کیلئے درخواستیں طلب کی گئی ہوں تاہم تقررات کا عمل شروع نہیں کیا گیا ہو' ایسی صورت میں نئے سرے سے ریزرویشن طئے کرنا ضروری ہے۔

***** ***** *****

شہریان میں رائے دہی کی خاطر بیداری پروگرام کے ایک حصے کے طور پر کل چھترپتی سمبھاجی نگر کے کراڑ پورہ علاقے میں میونسپل کارپوریشن کی پرائمری اور ثانوی اسکول کے طلبہ نے رحیم نگر، باری کالونی، کراڑ پورہ، سینٹرل ناکہ علاقوں میں عوام سے ووٹ دینے کی اپیل کی۔ اس موقع پر طلبہ نے رائے دہی سے متعلق معلومات کیلئے نکڑ ڈرامہ پیش کیا۔ اس کے علاوہ طلبہ نے اپنے علاقوں میں ایسے اشتہار چسپاں کیے جن پر نعرے درج تھے کہ میرے والدین ضرور ووٹ دیں گے' میرے دادا' دادی ضرور ووٹ دیں گے۔

***** ***** *****

عام انتخابات کے انسپکٹر ششی کانت مشرا نے اپیل کی ہے کہ ناندیڑ لوک سبھا انتخابی حلقہ میں آئندہ چند دِن انتظامیہ اور پولس انتہائی چوکنا رہ کر متحدہ طور پر کام کریں ۔ موصوف کل انتخابی کام کاج کی منصوبہ بندی سے متعلق میٹنگ سے خطاب کر رہے تھے ۔ اس موقع پر انھوں نے ہدایت دی کہ ضلع میں امن و قانون کی برقراری اور ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی سے نمٹنے کی خاطر اقدامات کیے جائیں ۔

اسی بیچ انتخابات کے پیشِ نظر ناندیڑ ضلع میں 20 جرائم پیشہ ٹولیوں کے چھ افراد کو تڑی پار کر دیا گیا، جبکہ 14 افراد کو جیلوں میں بند کر دیا گیا ہے۔ اسی طرح ضلع میں غیر قانونی کاروبار کرنے والے 82 افراد کیخلاف امتناعی کارروائی کی گئی۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے میں پانی کی قلّت کے پیشِ نظر ضلع کلکٹر دیپا مدھوڑ منڈے نے کل ماجل گاؤں آبی منصوبے کا جائزہ لیا۔اس موقع پر انھوں نے ہدایت دی کہ آبرسانی کی صحیح منصوبہ بندی کی جائے تاکہ شہریان کو کم سے کم پانی کی قلّت کا سامنا رہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع کے خواتین و اطفال کی بہبود کے افسر سدھیر ڈھاکنے نے کہا ہے کہ بیڑ ضلع میں بچپن کی شادی کے تدارک کی مہم بہت احتیاط سے چلائی جا رہی ہے ۔ انھوں نے خبردار کیا کہ اس برس کے شادی کے موسم میں اگر بچوں کی شادیوں کا اہتمام کیا گیا تو سخت قانونی کارروائی کی جائیگی ۔ انھوں نے کہا کہ تقریب گھروں اور مذہبی مقامات کے منتظمین کو چاہیے کہ وہ دستاویزات کے ذریعے دُلہا اور دُلہن کی عمروں کی تصدیق کریں ۔ انھوں نے شہریان سے اپیل کی کہ کم عمری کی شادی کی روک تھام کیلئے وہ 1098 ٹول فری نمبر پر رابطہ قائم کریں ۔

***** ***** *****

بیڑ کی ضلع کلکٹر دیپا مدھوڑ منڈے نے انتظامیہ کو ہدایت دی ہے کہ ہٹ اینڈ رن معاملات میں زخمی ہونے والے شہریان کیلئے نقصان بھرپائی ادا کرنے کے عمل کو جلد از جلد نمٹایا جائے ۔ موصوفہ کل اس تعلق سے منعقدہ میٹنگ میں بول رہی تھیں ۔ انھوں نے کہا کہ اس تعلق سے سپریم کورٹ کے ذریعے 12 جنوری 2024 کو دیا گیا فیصلہ تمام متعلقہ مشنریز پر نافذ ہے ۔ انھوں نے اس پر مکمل عمل درآمد کرنے کی بھی ہدایت دی ۔

***** ***** *****

کھیلوں کی ترقی کے عالمی دِن کی مناسبت سے آج پربھنی میں عوامی تعاون سے ضلع کھیل اسٹیڈیم کی صفائی کی مہم کا آغاز کیا جائے گا ۔ جس کا افتتاح میونسپل کمشنر ترپتی سانڈ بھور کے ہاتھوں عمل میں آئے گا ۔ ضلع کھیل افسر کویتا ناوندے نے عوام سے اس صفائی مہم میں شرکت کرنے کی اپیل کی ہے ۔

***** ***** *****

ریاست میں کل سب سے زیادہ درجۂ حرارت 42.6 چندر پور میں درج کیا گیا۔ مراٹھواڑہ کے ناندیڑ‘ پربھنی اور دھاراشیو اضلاع میں درجۂ حرارت اوسطاً 41 رہا۔ بیڑ میں 40‘ جبکہ چھترپتی سمبھاجی نگر میں 38.6 تپش ریکارڈ کی گئی۔

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے امیدواروں کے پرچوں کی جانچ کا عمل مکمل؛ 8 اپریل امیدواری واپس لینے کی آخری تاریخ۔

☆ عام انتخابات کیلئے نیائے پتر کے نام سے کانگریس کا انتخابی منشور جاری۔

☆ عدلیہ کے شعبے میں خواتین کی بڑھتی تعداد فخر کی بات ہے: چیف جسٹس آف انڈیا چندر چوڑ کا اظہارِ خیال۔

اور۔۔ ☆ چھترپتی سمبھا جی نگر اور پربھنی اضلاع میں رائے دہندگان میں بیداری کی خاطر پروگراموں کا انعقاد۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****